# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 18 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی وزیرِ زراعت نے پارلیمنٹ کے آئندہ بجٹ اجلاس میں نیاSEED بل پیش کرنے کا کیا وعدہ۔

☆ سرکاری ملازمتوں میں کامیاب اُمیدواروں کو چار دِنوں میں تقرری کا خط دیا جائے؛ ساتھ ہی پروموشن کی نشستوں کے مطابق 75 فیصد پروموشن دینے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔

☆ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں ریزرویشن کی 50 فیصد بالائی حد پر عمل درآمد کرنا لازمی ہوگا: سپریم کورٹ کا فیصلہ۔

☆ بلدیاتی انتخابات کیلئے نشانات کے حامل امیدواروں کی حتمی فہرست کا اعلان 26 نومبر کو کیا جائے گا۔

اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات نے آج مراٹھواڑہ اور ودربھ میں سردی کی لہر کا دیا انتباہ؛ بیڑ میں درجۂ حرارت 10 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس کیا گیا درج۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے تیقن دیا ہے کہ وہ غیر معیاری اور غیر قانونی بیجوں کی فروخت کو روکنے کیلئے پارلیمنٹ کے آئندہ بجٹ اجلاس میں ایک نیاSEED بل پیش کریں گے۔ وزیرِ موصوف کل ممبئی میں ایشین سیڈس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ باغبانی فصلوں کیلئے معیاری پودے لگانے کا مواد فراہم کرنے کیلئے مہاراشٹر میں تین کلین پلانٹ سینٹرس قائم کیے جائیں گے۔ چوہان نے روایتی بیجوں کے تحفظ پر زور دینے کی ضرورت کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا:

***Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chouhan***

چوہان نے بتایا کہ غذائیت کی کمی کو دور کرنے کی خاطر اناج کی خصوصی اقسام پر تحقیق کی جارہی ہے اور ایسی دو سو سے زائد بیجوں کی اقسام تیار کی جا چکی ہیں۔ انھوں نے کہا:

***Byte: Agriculture Minister Shivraj Singh Chouhan***

اس کانفرنس کا افتتاح وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا۔ حکومت نے آئندہ دو تا تین برسوں میں ریاست میں 25 لاکھ ہیکٹر اراضی کو قدرتی کھیتی کے تحت لانے کا عزم کیا ہے اور انھوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ اگر بیج کمپنیاں' اختراعی آئیڈیاز کے ساتھ سامنے آئیں گی تو ہم پائیداری کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے پس منظر میں موسم سے مزاحمت کرنے والے بیجوں کی اقسام کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ہدایت کی ہے کہ سرکاری خدمات میں مختلف عہدوں کے امتحانات کے نتائج کے اعلان کے بعد کم از کم چار دنوں میں متعلقہ کامیاب امیدواروں کو تقرری کے خطوط دیئے جائیں۔ وزیرِ اعلیٰ کل اس خصوص میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ ساتھ ہی انھوں نے سالانہ نتائج کا جائزہ لینے کے بعد جنوری کے اخیر تک دستیاب پروموشن سلاٹس کے مطابق 25 فیصد ترقیاں دینے کی بھی ہدایت دی۔ وزیرِ اعلیٰ نے یہ بھی ہدایت دی کہ ریاست کی سرکاری یونیورسٹیاں اپنے تعلیمی معیار کے ساتھ ساتھ اپنے قومی اور بین الاقوامی درجہ بندی کو بہتر بنانے کیلئے خصوصی کوششیں کریں، جس کیلئے ہر یونیورسٹی کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی خاطر ایک ڈیش بورڈ بنایا جائے۔

***** ***** *****

اسی بیچ ریاست کے تقریباً 25 ہزار سرپنچوں نے کل وزیرِ اعلیٰ کے ساتھ ڈیجیٹل پلیٹ فارم 'سرپنچ سنواد' پر براہِ راست بات چیت کی۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ نے سرپنچوں کو مختلف اسکیمات کیلئے مرکزی اور ریاستی حکومتوں سے ملنے والے فنڈس کا بہترین استعمال کرنے کی ہدایت دی۔ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے بتایا کہ سولار پمپ اسکیم ریاست میں بڑے پیمانے پر کامیاب ہورہی ہے۔ انھوں نے اس یقین کا بھی اظہار کیا کہ اس سلسلے میں ایک عالمی ریکارڈ مہاراشٹر کے نام ہوگا۔

***** ***** *****

مویشیوں کی افزائش اور دودھ کی ترقی کے ریاستی محکمے کی جانب سے دیا جانے والا قومی گوپال رتن ایوارڈ اس برس ریاست کے دو ڈیری کسانوں نے اپنے نام کیا ہے۔ دیسی جانوروں کی پرورش کرنے والے بہترین ڈیری فارمز کے زمرے میں کولہاپور کے اروند پاٹل نے پہلا مقام حاصل کیا' جبکہ کولہاپور کی ہی شردھا دھون نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

***** ***** *****

بہار کے وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار نے کل اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ کل ان کی زیرِ صدارت ریاستی کابینہ کے آخری اجلاس میں کابینہ کو برخاست کرنے کی تجویز منظور کی گئی۔ جس کے بعد نتیش کمار نے اپنا استعفیٰ گورنر عارف محمد خان کو سونپ دیا۔ نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب آئندہ 20 نومبر کو ہوگی۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں ریزرویشن کی 50 فیصد بالائی حد پر عمل کیا جائے۔ عدالت نے بانٹھیا کمیشن کے نتائج کی بنیاد پر ان انتخابات میں او بی سی ریزرویشن کو نافذ کرنے کے حکومت کے فیصلے سے متعلق درخواستوں پر کل سماعت کی۔ بینچ نے یہ بھی مشاہدہ کیا کہ دیگر پسماندہ طبقات او بی سی کے ریزرویشن سے متعلق سپریم کورٹ کی طرف سے دی گئی ہدایات کی غلط تشریح کی گئی۔ اس معاملے کی آئندہ سنوائی کل ہوگی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

میونسپل کاؤنسل اور نگر پنچایت انتخابات کیلئے درخواست دینے کی آخری تاریخ کل ختم ہوگئی۔ ان درخواستوں کی جانچ پڑتال آج ہوگی۔ اس کے بعد درست پائے گئے امیدواروں کی فہرست کا اعلان کیا جائے گا۔ آئندہ 19 تا 21 نومبر کے دوران نام واپس لیے جاسکتے ہیں' سوائے اس وارڈ یا درخواست کے جس پر اپیل کی گئی ہے۔ امیدواروں کی حتمی فہرست کا اعلان ان کے نشانات کے ساتھ 26 نومبر کو کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں چھ میونسپل کاؤنسلز اور ایک نگر پنچایت کے ارکان کے عہدوں کیلئے کُل ایک ہزار 312 درخواستیں اور صدر کے عہدے کیلئے 88 درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں بھوکردن کے صدر بلدیہ کے عہدے کیلئے 12 جبکہ اراکین کے عہدوں کے انتخابات کیلئے 154 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔اسی طرح عنبڑ میں صدرِ بلدیہ کیلئے 14 اور اراکین عہدوں کیلئے 132 امیدواروں نے پرچہ داخل کیا ہے۔ وہیں پرتور کے صدر بلدیہ کیلئے 16 امیدواروں نے اور اراکین کیلئے 132 امیدواروں نے نامزدگی داخل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں 23 میونسپل کاؤنسلز اور ایک نگر پنچایت کے اراکین عہدوں کیلئے 153 نامزدگی کے کاغذات داخل کیے گئے ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ صدر بلدیہ عہدوں کیلئے ضلع بھر میں 212 درخواستیں جمع ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

اسی طرح پربھنی ضلع میں صدرِ بلدیہ عہدوں کیلئے کُل 117 جبکہ اراکینِ بلدیہ کیلئے ایک ہزار 210 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے گئے ہیں۔ وہیں ہنگولی ضلع میں صدرِ بلدیہ کی نشستوں کیلئے 71 امیدواروں نے اور ممبران کیلئے 890 امیدواروں نے پرچہ داخل کیا ہے۔لاتور ضلع میں صدرِ بلدیہ کیلئے 103 امیدوار ہیں جبکہ ممبران کیلئے ایک ہزار 257 افراد نے درخواستیں داخل کی ہیں۔

***** ***** *****

بنگلہ دیش کی سابق وزیرِ اعظم شیخ حسینہ کو بنگلہ دیش کی عدالت نے موت کی سزا سنائی ہے۔ان کو گذشتہ برس جولائی میں طلبہ کی تحریک کو دبانے کیلئے تشدد کرنے کا مجرم ٹھہرایا گیا ہے۔دوسری جانب شیخ حسینہ نے تمام الزامات کی تردید کرتے ہوئے بنگلہ دیش واپس جانے سے انکار کردیا ہے۔

***** ***** *****

سعودی عرب میں مسافر بس کے حادثے میں 42 بھارتیوں کی موت ہوگئی۔ یہ سب حیدرآباد کے رہنے والے تھے۔زائرین عمرے کی سعادت حاصل کرنے کے بعد مکہ سے مدینہ جارہے تھے کہ راستے میں بس ڈیزل ٹینکر سے جاٹکرائی۔مرنے والوں میں 20 خواتین اور 11 بچے شامل ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا کے بانی بالا صاحب ٹھاکرے کو کل ان کی 13 ویں برسی کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے تھانے کے آنند آشرم میں بالا صاحب کے مجسّمے کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔سابق وزیرِ اعلیٰ اُدّھو ٹھاکرے،ایم این ایس کے صدر راج ٹھاکرے اور ٹھاکرے خاندان نے ممبئی کے شیواجی پارک میدان میں بالا صاحب کی یادگار پر پھول چڑھائے۔

وہیں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے سوشل میڈیا پر بالا صاحب ٹھاکرے کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کے طلبہ نے کل ترواننت پورم میں وکرم سارا بھائی خلائی مرکز کا دورہ کیا۔طلبہ نے راکٹ لانچنگ کے ساتھ ساتھ پہلے لانچ کیے گئے راکٹوں کی اور چندریان-3 کی نقل کو دیکھا۔خلائی مرکز کے عہدیداروں نے طلبہ کو گگن یان مشن کے بارے میں بھی بتایا۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے بتایا ہے کہ مراٹھواڑہ اور ودربھ میں آج سردی کی لہر جاری رہے گی۔ اسی دوران ریاست میں سب سے کم درجۂ حرارت اہلیا نگر میں 9 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیئس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے بیڑ میں دس اعشاریہ دو ڈگری سیلسیئس، جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 12 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ مرکزی وزیرِ زراعت نے پارلیمنٹ کے آئندہ بجٹ اجلاس میں نیا SEED بل پیش کرنے کا کیا وعدہ۔
- ☆ سرکاری ملازمتوں میں کامیاب اُمیدواروں کو چار دِنوں میں تقرری کا خط دیا جائے؛ ساتھ ہی پروموشن کی نشستوں کے مطابق 75 فیصد پروموشن دینے کی وزیرِ اعلیٰ کی ہدایت۔
- ☆ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں ریزرویشن کی 50 فیصد بالائی حد پر عمل درآمد کرنا لازمی ہوگا: سپریم کورٹ کا فیصلہ۔
- ☆ بلدیاتی انتخابات کیلئے نشانات کے حامل امیدواروں کی حتمی فہرست کا اعلان 26 نومبر کو کیا جائے گا۔

اور۔۔۔☆ محکمۂ موسمیات نے آج مراٹھواڑہ اور ودربھ میں سردی کی لہر کا دیا انتباہ؛ بیڑ میں درجۂ حرارت 10 اعشاریہ دو سیلسیئس کیا گیا درج۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****